میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ مل لمیٹڈ۔ ملتان

اطلاع برائے 66واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ مل لمیٹڈ کا 66واں سالانہ اجلاس عام بروز ہفتہ 28 اکتوبر 2023ء بوقت صبح 11:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس اللہ وسایا سکوائر، ممتاز آباد انڈسٹریل ایریا، بہاری روڈ، ملتان، پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی کاروبار

1۔ 28 اکتوبر 2022ء کمپنی کے منعقدہ 65ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ سال مختتمہ 30 جون 2023ء کے آڈٹ شدہ حسابات، ڈائریکٹران، آڈیٹر اور چیئرپرسن کے جائزہ کی رپورٹوں پر غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹر کا تقرر جو کہ آئندہ اجلاسِ عام کے اختتام تک آڈٹ کی ذمہ داری سنبھالیں گے اور ان کے مشاہرے کا تعین کیا جائے گا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام بطور بیرونی آڈیٹر تجویز کیا ہے۔ میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو رہے ہیں اور انہوں نے دوبارہ تعیناتی کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

خصوصی کاروبار

4۔ کمپنی کے ایک کل وقتی ورکنگ رائیکٹو ڈائریکٹر پروڈکشن کے معاوضے میں اضافے پر غور کرنا اور اسے منظور کرنا اور درج ذیل قرارداد پر ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر غور کرنا:

"طے پایا کہ کمپنی کے کل وقتی ایگزیکٹو ورکنگ ڈائریکٹر پروڈکشن کے لیے معاوضے کے طور پر PKR:750,000/- (مبلغ سات لاکھ پچاس ہزار پاکستانی روپے) ٹیکس آف ٹیکس مورخہ 01-11-2023 سے نافذ العمل ہوگا اور اس کی منظوری دی جائے گی نیز کہ دیگر تمام مراعات اور سہولیات پہلی والی رہیں گی۔"

5۔ ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر، کیو آر (QR) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ترسیل کے سلسلے میں درج ذیل عام قرارداد پر غور کرنے اور منظور کرنے کے لیے:

"طے پایا کہ ممبران کی مطلوبہ رضامندی سے ممبران کو مستقبل میں سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (بشمول سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع ونقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹران کی رپورٹ اور اس میں موجود دیگر رپورٹس کو ترسیل کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ مزید یہ کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 21 مارچ 2023ء کے ڈیفلکشن نمبر SRO 389(I)/2023 کے مطابق کیو آر (QR) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے مالی سال 2024-2023 سے شروع ہونے والے سال اور اس کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی ترسیل کی متفق سی ڈی رڈیوڈی ریوائس پی کو ختم کردیا جائے گا۔

مزید یہ طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور یا چیف فنانشل آفیسر اور یا کمپنی سیکرٹری اس سے متعلق تمام ضروری عمل کرنے کے مجاز ہیں۔"

(کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت سالانہ اجلاسِ عام میں لین دین کرنے والے اس خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا بیان سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔)

دیگر کاروبار

5۔ چیئرپرسن کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

ملتان.....مورخہ 06 اکتوبر 2023ء — محمد اسمٰعیل۔ کمپنی سیکرٹری

نوٹ:۔

(i)۔ کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب 21 اکتوبر 2023ء تا 28 اکتوبر 2023ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلیاں جو کہ مورخہ 20 اکتوبر 2023ء کو کاروباری دن کے اختتام سے قبل کمپنی کے شیئرز رجسٹرار آفس، میسرز حمید مجید الیموی ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ۔ ایم ہاؤس، 7 بنک سکوائر، لاہور میں پہنچ جائیں گی، مکمل اور درست تصور ہوں گی۔

(ii)۔ اجلاس ہٰذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی فارم کے ساتھ ممبر اور گواہ کے CNICs کی کاپیاں، پراکسی فارم پر 50 روپے کا ریونیو کی ٹکٹ چسپاں ہو، علاوہ ازیں پراکسی فارم پر ممبر اور ایک گواہ کے بھی دستخط ہوں جو کہ اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچ جائیں۔

(iii)۔ سی ڈی سی حصص داران جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتے ہوں ان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی شناخت کیلئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ہمراہ لائیں اور پراکسی کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل لف کریں۔ کارپوریٹ ممبرز کے نمائندگان معمول کی ضروری دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

(iv) ممبران کی آسانی کیلئے ایک نمونہ کی درخواست فارم (Standard Request Form) کمپنی کی ویب سائٹ (www.allawasaya.com) پر دے دیا گیا ہے۔ جو ممبران سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی نتائج کی وصولی بذریعہ ای میل، ای ڈی رڈیوڈی ریوائس پی کی بجائے ہارڈ کاپی وصول کرنا چاہتے ہیں وہ اپنی درخواست کمپنی سیکرٹری کے ڈاک کے پتہ پر یا ای میل ایڈریس secretary@allawasaya.com کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔

(v)۔ **ممبران سے التماس ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (S.E.C.P) کے حکم کے مطابق اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی غیر منسوخ شدہ مصدقہ کاپی جمع کروائیں، اگر ابھی تک نہیں جمع کروائی اور اگر پہنچ میں کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کو فوراً مطلع کریں۔**

(vi)۔ ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں جن شہروں میں ممبران کا جغرافیائی پھیلاؤ زیادہ ہے۔ اس مقصد کیلئے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے دس (10) دن قبل ذیل میں دی گئی مفاد، کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر پہنچ جانی چاہیے۔

میں/ہم.....کا/کی رہائشی.....ممبر میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ مل لمیٹڈ، حاملِ عام حصص.....بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر.....ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا/کرتی ہوں جو کہ.....شہر میں ہو۔

ممبر کے دستخط.....

اگر کمپنی نے مجموعی دس (10) فیصد یا اس سے زائد ممبران کی مفاد وصول پائی جو کہ کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام سے دس دن قبل کمپنی کو وصول ہوئیں تو پھر کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت موجود ہو۔

(vii)۔ ممبران اپنے ووٹ کا حق پوسٹل بیلٹ کے ذریعے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط خصوصی کاروبار کے مقاصد اور ان کو مذکور ضوابط میں موجود تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ/الیکٹرانک موڈ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ پوسٹل بیلٹ/الیکٹرانک ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار میٹنگ سے پہلے سات (7) دنوں کے اندر کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.allawasaya.com پر رکھا جائے گا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان:

یہ بیان اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ مل لمیٹڈ (کمپنی) کی سالانہ اجلاسِ عام (AGM) میں لین دین کے لیے خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے جو بروز ہفتہ 28 اکتوبر 2023ء کو بوقت صبح 11:30 بجے منعقد ہوگا۔

ایجنڈے کا آئٹم نمبر 4

ورکنگ رائیکٹو ڈائریکٹر پروڈکشن کا معاوضہ مبلغ -/600,000 روپے تھا جو کہ کمپنی کے ممبران نے 24-05-2021 کو منعقدہ سالانہ EOGM میں منظور کیا تھا۔ موجودہ حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ ورکنگ رائیکٹو ڈائریکٹر پروڈکشن کے معاوضے کو دوسرے دو رائیکٹو ڈائریکٹرز یعنی کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور سیلز کے برابر کیا جائے جس کی منظوری دی۔ فاضل کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے منعقدہ اجلاس مورخہ 06-10-2023 کے دوران دی۔ اس لیے ورکنگ رائیکٹو ڈائریکٹر پروڈکشن کے معاوضے کے پیکج میں مبلغ -/150,000 روپے کا اضافہ کیا جائے جس سے یکمشت کل خالص ماہانہ معاوضہ مبلغ -/750,000 روپے ہوجائے گا نیز دیگر سہولیات پہلے سے طے شدہ والی رہیں گی۔ کمپنی کے ڈائریکٹران اس قرارداد کو رقم میں اضافے کی منظوری کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

ایجنڈے کا آئٹم نمبر 5

پاکستان سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس ار او 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کی پیروی میں لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ اور منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ اپنے ممبروں کو کیو آر (QR) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنے کی اجازت دی جاتی ہے (سالانہ آڈٹ شدہ رپورٹ مالیاتی بیانات*)۔ تکنیکی ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے متروک ہونے کو دیکھتے ہوئے، سی ڈی رڈیوڈی ریوائس پی کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ اس کے مطابق مذکورہ ریگولیٹری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اراکین سے منظوری طلب کی جاتی ہے۔

ڈائریکٹران کو خصوصی کاروبار میں کوئی دلچسپی نہیں ہے سوائے کمپنی میں ان کے حصہ داری کی حد تک، خواہ وہ براہ راست ہو یا اوالاد۔